نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرصدارت ملتان میں کپاس کی موجودہ صورتحال بارے جائزہ اجلاس کا انعقاد

کپاس کی بہتر پیداوار ہی کاشتکاروں کی خوشحالی کی ضامن ہے۔افتخار علی سہو

لاہور:**20** مئی**2026**: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت کمشنر آفس ملتان میں کپاس کی صورتحال بارے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں کمشنر ملتان عامر کریم خان، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر آصف علی، سپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز حسین مگسی، ڈپٹی کمشنر ملتان نعمان صدیقی، ڈائریکٹر جنرلز محکمہ زراعت پنجاب عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، ڈاکٹر عامر رسول، محکمہ انہار کے افسران، ڈاکٹر محمد اقبال بندیشہ، آصف مجید، خالد محمود کھوکھر، محمد الیاس سمیت دیگر اسٹیک ہولڈرز کی شرکت جبکہ کمشنر ڈی جی خان چوہدری اشفاق احمد و متعلقہ اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز آن لائن شریک ہوئے۔

اجلاس کے دوران سیکرٹری زراعت پنجاب کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ ملتان ڈویژن میں 7 لاکھ 75 ہزار ایکڑ رقبہ پر کپاس کی کاشت کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جبکہ اب تک کپاس کی کاشت کا 81 فیصد ہدف حاصل کر لیا گیا ہے۔مزید براں ڈی جی خان ڈویژن میں 4 لاکھ 25 ہزار ایکڑ رقبہ پر کپاس کی کاشت کا ہدف مقرر کیا گیا ہے اور وہاں 93 فیصد ہدف حاصل کر لیا گیا ہے

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ کپاس کی بہتر پیداوار ہی کاشتکاروں کی خوشحالی کی ضامن ہے۔ انہوں نے کہا کہ کپاس کی کاشت میں ڈویژنل و ضلعی انتظامیہ کا تعاون قابلِ ستائش ہے۔انہوں نے فیلڈ فارمیشنز کو ہدایت کی کہ وہ کاشتکاروں کی رہنمائی میں بہترین پیشہ وارانہ صلاحیتیں بروئے کار لائیں تاکہ پیداواری اہداف کا حصول یقینی بنایا جا سکے۔افتخار علی سہو نے کہا کہ مارکیٹوں میں کھادوں کی مقرر کردہ قیمتوں پر دستیابی یقینی بنائی جا رہی ہے جبکہ زرعی زہروں میں ملاوٹ میں ملوث عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ماہرین کی مشاورت سے موسمی صورتحال کے پیش نظر کاٹن ایڈوائزری جاری کی جائے تاکہ کاشتکار بروقت رہنمائی حاصل کر سکیں۔

☆☆☆☆